بسم اللہ الرحمن الرحیم

# بارش کے دوران جماعت کا وقت ہو جائے، تو کیا حکم ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

بارش کے دوران وقت جماعت ہو تو اب بھی مردوں پر جماعت واجب رہے گی؟

## جواب

اگر مسجد قریب ہو اور راستے میں شدید بارش یا کیچڑ وغیرہ ایسا حائل نہ ہو جس کی وجہ سے مسجد تک پہنچنے میں مشقت ہو تو اس صورت میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا واجب ہے، جبکہ ترکِ جماعت کا کوئی اور عذر نہ ہو۔ اور اگر بارش کی شدت یا راستے کی کیچڑ وغیرہ کی وجہ سے مسجد جانا دشوار ہو تو اس صورت میں گھر میں نماز ادا کی جا سکتی ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2418

تاریخ اجرا: 25 صفر المظفر 1447ھ/20 اگست 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
darulIftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net